بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ
امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**25 جون 2022**

# پریس ریلیز

## فیڈرل شریعت کورٹ کا سود کے خلاف فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کیا جانا اللہ اور رسول ﷺ سے کھلی بغاوت ہے۔(شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** فیڈرل شریعت کورٹ کا سود کے خلاف فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کیا جانا اللہ اور رسول ﷺ سے کھلی بغاوت ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے فیڈرل شریعت کورٹ کے سود کے خلاف فیصلہ کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیے جانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ 28اپریل 2022ء کو فیڈرل شریعت کورٹ نے سود کے خلاف اپنے فیصلے میں دوٹوک الفاظ میں بینک انٹرسٹ سمیت ہر قسم کے سود کو حرام قرار دے کر حکومت کو ہدایات جاری کی تھیں کہ وہ پاکستان کے معاشی نظام سے سود کے مرحلہ وار خاتمہ کے لیے دیے گئے لائحہ عمل پر فوری طور پر عمل درآمد شروع کروائے۔ لیکن انتہائی افسوس اور دکھ کا مقام ہے کہ اللہ اور رسول ﷺ سے جاری جنگ کو فوری طور پر ختم کرنے کے لیے عملی اقدامات کرنے کی بجائے بینک دولت پاکستان اور ایک سرکاری بینک سمیت چار نجی بینکوں کا اس فیصلہ کو سپریم کورٹ میں چیلنج کرنے سے واضح ہوگیا ہے کہ حکومت پاکستان اور ملک کے معاشی ادارے ملکی معیشت کو سود کی لعنت سے پاک کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے۔ سپریم کورٹ میں دائر کی گئی اس اپیل میں درخوست گزاروں نے وزارت قانون اور وزارت خزانہ کو بھی فریق بنایا ہے۔ امیر تنظیم اسلامی نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا کہ وزارت قانون اور وزارت خزانہ سپریم کورٹ میں فیڈرل شریعت کورٹ کے سود کے خلاف فیصلہ کی ہرگز مخالفت نہ کریں۔ انہوں نے سپریم کورٹ آف پاکستان سے بھی استدعا کی کہ چونکہ ہمارے آئین کی دفعات 2A، 227 اور 38F اس بات کی متقاضی ہیں کہ ملک سے سود کا جلد از جلد مکمل خاتمہ کیا جائے اور کوئی قانون قرآن سنت کے متصادم نہ ہو۔ لہٰذا اس اپیل کو فی الفور خارج کرکے ملکی معاشی نظام کو فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلہ کے مطابق اسلامی تعلیمات کے مطابق ڈھالنے کا حکم جاری کیا جائے۔ امیر تنظیم اسلامی نے کہا کہ سود ایک گناہ عظیم ہے اور تنظیم اسلامی بہت جلد فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں کی جانے والی اس اپیل کے خلاف ایک پُرامن عوامی احتجاج اور مذاحمتی تحریک کے لیے جامع لائحہ عمل کا اعلان کرے گی۔ ان شاءاللہ!

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم شعبہ نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 25 June 2022**

**"The appeal filed in the Supreme Court challenging the decision against riba given the Federal Shariat Court is manifest rebellion against Allah *(SWT)* and His Messenger *(SAAW)*."**

**Lahore (PR): "The appeal filed in the Supreme Court challenging the decision against riba given the Federal Shariat Court is manifest rebellion against Allah *(SWT)* and His Messenger *(SAAW)*."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, while vehemently condemning the appeal filed against the Federal Shariat Court (FSC) decision against Riba in the Supreme Court (SC). The Ameer said that in its landmark decision on 28 April 2022 the FSC has declared in no uncertain terms that all kinds of interest including bank interest are transactions of riba and, hence, Haram (prohibited), directing the government to immediately and religiously start implementation of the 3-stage framework provided in the decision to totally eradicate riba from the economic system of Pakistan. It is a matter of great anguish and concern that instead of immediately starting to take practical measures for ending the continuous war with Allah *(SWT)* and His Messenger *(SAAW)*, the State Bank of Pakistan and four commercial banks, including a state-owned bank, have gone into appeal against the FSC decision against riba, clearly demonstrating that the government of Pakistan and state economic institutions have no intention whatsoever of ridding our economy of the curse of riba. The petitioners in the SC have made the federal law and finance ministries parties to this appeal. The Ameer of Tanzeem e Islami demanded that the government of Pakistan must ensure that the federal law and finance ministries do not give arguments against the FSC riba decision in the SC appeal. The Ameer also implored the SC that as various articles of our constitution such as 2A, 227 and 38F require that no legislation and law should exist that is repugnant to the Qur'an and Sunnah and riba must be eradicated totally at the earliest from the economic system of Pakistan, therefore, this appeal be disposed off immediately and directions be given to uphold the FSC decision against riba to transform the economic system of Pakistan according to the principles of Islam.

The Ameer of Tanzeem e Islami said that riba is a heinous sin and Tanzeem e Islami would soon announce a comprehensive plan for a peaceful mass protest and agitation movement against the filing of this appeal in the SC challenging the FSC decision against riba.

*In Sha Allah!*

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**